برادر مکرم و محترم زید مجدکم۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ!

دعا ہے کہ آپ مع جمیع متعلقین بخیر ہوں۔ میں ۸ جولائی تک ہندوستان میں تھا۔ وہیں "الحق" سے ہمشیرہ صاحبہ کی المناک وفات کی اطلاع ملی تھی۔ مگر الفرقان کے خاص نمبر کے کام میں اس طرح مصروفیت تھی اور اس پر مستزاد صحت کی ناسازی کہ فوری طور پر تعزیت کا فریضہ ادا نہ کرسکا۔ اور پھر طبیعت کی خرابی کی شدت سے ڈھول ہی ہوگیا۔ یہاں پہنچ کر تازہ "الحق" نے یاددہانی کی تو اپنی کوتاہی پر افسوس کرتے ہوئے اب دیر سے آپ کے اور میاں راشد الحق کے غم میں شریک ہورہا ہوں۔ اس تھوڑی عمر میں بہن جیسی سراپا محبت شئی کا ایسے المناک طور پر جدا ہوجانا بلاشبہ سخت حادثہ ہے۔ خبر پڑھکر خود اپنے دل پر بھی ایک خاص طبعی اثر ہوا تھا۔

"للہ مااعطی ولہ مااخذ" پس دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہؒ کو کروٹ کروٹ عیش جنت نصیب فرمائے اور پسماندگان کو صبر واجر سے نوازے۔ امید ہے الفرقان کا نمبر مل گیا ہوگا۔

والسلام: (مولانا) عتیق الرحمن سنبھلی

محترم المقام جناب قبلہ وکعبہ حضرت مولانا صاحب مد ظلھم

بعد آداب کہ عرض ہے کہ بندہ ماہنامہ "الحق" کا پرانا خریدار ہے جس وقت ۱۵ روپے سالانہ چندہ تھا اس وقت سے برابر یہ سلسلہ چلا آرہا ہے۔ اور میرا خریداری نمبر ۴۴۱۷ ہے۔ بندہ نے کئی خریدار بھی اسکے لئے بنائے۔ آپکی خدمت یہ عریضہ پہلی دفعہ تحریر کررہا ہوں۔ میری عمر ابھی وقت ۸۰ سال سے تجاوز کررہی ہے۔ نظر بھی کم ہے صحیح طور سے لکھنے سے قاصر ہوں۔ آپ کو تکلیف اس لیے دے رہا ہوں کہ ۲۸ مئی کو پاکستان نے چھ ایٹمی دھماکے کیے اس سے کچھ امید کی کرن نظر آئی اور میری رگ حمیت بھڑک اٹھی میرے پاس ایک ہزار ڈالر کا ایک نوٹ تھا جو میرے پاس ۱۸۴۰ء سے محفوظ رکھا ہوا تھا۔ وہ میں نے وزیر اعظم صاحب کے نام بذریعہ رجسٹری بھیجا مگر اسکی رسید مجھے آجتک موصول نہیں ہوئی۔ پھر میں نے اسکی تلاش میں صدر صاحب کو لکھا۔ جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ڈاکٹر عمر لیاقت کو بھی لکھا مگر کسی قسم کا جواب کہیں سے بھی بندے کو نہیں ملا۔ جب ہم نے اس اسلامی ملک کیلئے جان ومال، گھربار سب نذر کیا۔ ہمارا خاندان پنجاب سے ہجرت کرکے یہاں آیا۔ پاکستان میں اسلامی نظام نافذ ہوگا جو اب تک نہ ہوسکا۔ اللہ کی ذات سے امید ہے کہ ایک دن یہ امید ضروری پوری ہوگی۔ آپ جیسے بزرگ رات دن کوشش بھی کررہے ہیں اور دعائیں بھی کررہے ہیں آپکی یہ محنت ضرور پھل لائیگی۔ میرا مطلب یہ تھا کہ آپ اپنے ماہنامہ میں لکھ کر نوازشریف کو بتائیں کہ جن کا نظام ڈاک ذمہ دارانہ اور امانت دارانہ نہ ہو تو وہ ملک کا نظم ونسق کس طرح سنبھالینگے آپ اور آپ کا عملہ ایسا لاپرواہ کیوں ہے۔ مجھے اس ہزار ڈالر کے نوٹ کا جواب